لافتیٰ الّا علی لاسیف الّا ذوالفقار

Rampur State Gazette.

گزٹ ریاست رامپور

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

جلد ۲۹	مطبوعہ روز دوشنبہ تاریخ ۲۵ محرم الحرام ۱۳۳۶ھ مطابق ۱۲ نومبر ۱۹۱۷ء	نمبر ۴۷

فہرست مضامین

نمبر شمار	خلاصہ مضمون	نمبر صفحہ
۱	اضافہ نائب بخشی فوج	۱
۲	نسبت اجازت درخواستہائے شمول آراضیات	۲
۳	اضافہ سید جان ہیڈ کانسٹبل	"
۴	تنزل عبد المجید خاں ہیڈ کانسٹبل	"
۵	اضافہ سید عطاء الحق محرر رجسٹری	"
۶	نقشہ نرخنامہ اجناس	ضمیمہ

ملخص حکم اجلاس ہمایوں بندگان حضور پرنور دام اقبالہم وملکہم

اضافہ

۱۷ اکتوبر ۱۹۱۷ء

حسب سفارش بخشی فوج منشی لال بہادر نائب بخشی فوج مشاہرہ ۴۵/ پینتالیس روپیہ ماہوار کا پانچ روپیہ ماہوار الاؤنس بکم اکتوبر ۱۹۱۷ء سے منظور فرمایا گیا۔

حکم اجلاس ہمایوں بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم واقع ۱۷ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

رائے ممبران کمیٹی سکریٹریز منظور ہے آئندہ مطابق اسکے عملدرآمد رہے۔ احکام جاری ہوں درج گزٹ ہو۔

دستخط [illegible] سکرٹری بہادر

اعلیحضرت بندگانِ حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

بعرض عرض — میر سامنہ

جناب عالی

رپورٹ صاحب ہوم سکرٹری بہادر اس مضمون سے کمیٹی سکرٹریز میں پیش ہوئی کہ میونسپلٹی میں شمول آراضیات کی درخواستوں پر جن آراضیات کا تحریری ثبوت ہوتا ہے اسکے شامل کرنے کی اجازت دیجاتی ہے۔ اور جنکا ثبوت تحریری پیش نہیں ہوتا اسکی اجازت نہیں دیجاتی تو عذرداریاں پیش ہوتی ہیں اور بیان کیا جاتا ہے کہ موروثی آراضی ہے ثبوت تحریری کہاں سے پیش کیا جائے اسکے بعد ایک اور تحریر بھی صاحب ہوم سکرٹری بہادر کی اسی مسئلہ کی بابت آکر شامل ہوئی۔

ہم ممبران کمیٹی کی متفقہ رائے ہے کہ جس آراضی کی بابت درخواست میونسپلٹی میں پیش ہو اور اسکی نسبت ثبوت تحریری نہو اور تحقیقات کافی سے یہ بات ثابت ہو جائے کہ آراضی سرکاری متعلق نزول یا میونسپلٹی نہیں ہے تو ایک اطلاع میعادی ہفتہ اس موقع پر اس امر کی عام طور پر ظاہر ہو جانیکی غرض سے چسپاں کرا دی جایا کرے کہ فلاں شخص نے فلاں آراضی کی بابت اس مضمون کی درخواست دی ہے اور اس اعلان کے دوسرے پرت کی پشت پر جو تعمیل کنندہ کو دیا جائیگا تعمیل کرنیوالا شہادت اہل محلہ کی اس تصدیق کیلیے ثبت کرالے کہ اسنے تعمیل حسب ہدایت کردی یہ کاغذ شامل مثل کیا جاکر اگر میعاد مندرجہ اطلاع کے اندر کوئی عذرداری پیش ہو تو میونسپلٹی سے اجازت نہ دیجائیگی۔ بلکہ اسکو حسب منشا حکم [illegible] سنہ ۱۹۱۶ء مطبوعہ گزٹ نمبری ۲۴ ہدایت کردی جائیگی اور اگر کوئی عذرداری پیش نہو تو اجازت اجلاس صاحب ہوم سکرٹری بہادر سے دیدیجائیگی لیکن ایسی اجازت کسی کے حق پر کسی قسم کا کوئی اثر نہ پیدا کریگی نہ آئندہ حصول حق کی مانع تصور ہوگی جس آراضی کی بابت حصول اجازت کی درخواست گذری ہے اگر وہ ایسی جگہ واقع ہے جو راستہ اور گذرگاہ خلائق ہے تو عطائے اجازت کیوقت یہ امر قابل لحاظ ہوگا کہ راستہ تنگ باعث تکلیف عامہ خلائق نہو جائے آئندہ جیسا حکم ہو واجب التعمیل ہے فقط

معروضہ ۲۳ اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء

دستخط [illegible]

ملخص احکام اجلاس صاحب ریونیو سکرٹری بہادر

اضافہ

۴ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب منشاء حکم بندگانِ عالی دام اقبالہم و ملکہم سید جان ہیڈ کانسٹبل ملٹری جدید شاہرہ وار پندرہ روپیہ ماہوار کی تنخواہ موجودہ میں یکم نومبر سنہ حال سے پانچ روپیہ ماہوار اضافہ کیا جانا منظور کیا گیا۔

تنزل

۱۰ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب رائے صاحب سپرنٹنڈنٹ بہادر پولیس عبدالمجید خاں ہیڈ کانسٹبل کا دو روپیہ ماہوار برائے چھ ماہ تنزل کیا گیا۔

ملخص حکم اجلاس صاحب جوڈیشل سکرٹری بہادر

اضافہ

۳ نومبر سنہ ۱۹۱۶ء

حسب منشاء حکم بندگانِ عالی دام اقبالہم و ملکہم عطاء الحق محرر رجسٹری صدر کی تنخواہ میں دس روپیہ ماہوار کا اضافہ یکم اکتوبر سنہ ۱۹۱۶ء سے منظور کیا گیا اب تنخواہ انکی پچیس روپیہ ماہوار ہوگی۔

نقشہ نرخنامہ اجناس ریاست رامپور من ابتدائے ۴ نومبر لغایت ۱۰ نومبر ۱۹۱۷ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۷۰۰ مار			۹ مار	۸۰۰ مار	۸ مار	تحصیل شاہ آباد و ملک سے نقشہ نہیں آیا
نخود خالص	۱۰ مار			۱۲ مار	۱۵ مار	۱۳۰۰ مار	
نخود کسہ آمیز	۱۴ مار			۱۶ مار	۱۶ مار	۱۵ مار	
کستہ	۱۴۰۰ مار			۱۷ مار	۱۷ مار	۱۶ مار	
ماش	۸ مار			۰	۸ مار	۸ مار	
مونگ	۸۰۰ مار			۸ مار	۸ مار	۸۰۰ مار	
مکا	۱۴۰۰ مار			۱۶ مار	۱۷ مار	۱۶ مار	
جئی	۱۶ مار			۱۶ مار	۲۰ مار	۱۴ مار	
گوجئی				۱۲	۱۳ مار	۱۲ مار	
عدس	۹۰۰ مار			۱۰ مار	۹۰۰ مار	۹ مار	
ارہر	۱۴ مار			۹ مار	۱۵ مار	۱۴ مار	
برنج	۶۰ مار			۷ مار	۸ مار	۸ مار	
روغن زرد	۰ مار			۰ ر ر مار	۰ مہ مار	۰ ر ر مار	
روغن سیاہ	۳ مار			[illegible] مار	[illegible] مار	۳ مار	
روغن کنجد	۱۰ مار			[illegible] مار	۱ر مار	۱۰ر مار	
نمک سانبھر	۶ مار			۶ مار	۶ مار	۶ مار	
نمک لاہوری	۶ مار			۴ مار	۵ مار	۷ مار	
قند سیاہ	۳ مار			۴ مار	۴ مار	۴ مار	
باجرہ	۱۲ مار			۰	۱۲ مار	×	

مطبوعہ پریس ریاست رامپور